© rasailojaraid.com



رفاہِ عامہ تعلیماتِ نبوی کی روشنی میں، مسلمان استاد، اوصاف وکردار تعلیماتِ نبویؐ کی روشنی میں، ناموسِ رسول ﷺ کے جان کا نذرانہ پیش کرنے والے جاں نثار۔

نبی اکرم ﷺ سے جو محبت اور عقیدت ایک مسلمان کے دل میں ہمیشہ سے ہے اور ہمیشہ رہے گی اس کا اظہار مختلف طریقوں سے ہوتا چلا آیا ہے، سیرت پر تقاریر، خطاب، کتبِ مقالات، مضامینِ نعت ومنقبت کا ایک لامتناہی سلسلہ ہے جو ورفعنا لک ذکرک کا تخلیقی اظہار ہے۔ سید محمد سلیم صاحب نے بھی اس کتاب میں سہل دعوتی زبان میں مضامینِ نو کا گل دستہ سجا دیا ہے۔ ویسے تو تمام مضامین ومقالات اپنی اپنی جگہ اہمیت کے حامل ہیں لیکن سیرتِ طیبہؐ اور فنونِ لطیفہ ایسا عجیب وغریب اور فکری طور پر عمیق مقالہ ہے جس کی نظیر کم ہی ملتی ہے۔ راقم الحروف نے عرصے بعد ذہنی الجھنوں کو دور کرنے والا یہ مقالہ پڑھا اور بار بار پڑھا، بہت سی ذہنی اُلجھنیں اس سے دور ہوئیں۔

سید محمد سلیم صاحب نے بڑی محبت اور عقیدت سے نہایت آسان زبان میں اپنے مافی الضمیر کو صفحۂ قرطاس پر نقش کر دیا ہے۔ یہ کتاب ان کے لئے صدقۂ جاریہ ثابت ہوگی، ان شاء اللہ۔ کتاب مجلد اور خوب صورت سرورق سے مزین ہے۔

نام کتاب: مولانا شبلی نعمانی بحیثیت سیرت نگار

مصنف: ظفر احمد صدیقی

ناشر: بیت الحکمت بہ اشتراک دارالنوادر، لاہور ۲۰۰۵ء

قیمت: ۱۹۰روپے صفحات: ۳۰۴ (مع اشاریہ)

تبصرہ نگار: ڈاکٹر نثار احمد

زیر نظر کتاب جناب ڈاکٹر ظفر احمد صدیقی کے زورِ قلم کا نتیجہ ہے جس میں انہوں نے مولانا شبلی کی سیرت النبی ﷺ کا تحقیقی وتنقیدی جائزہ پیش کیا ہے۔ اصلاً یہ کتاب ان کے ڈاکٹریٹ کے مقالہ "علامہ شبلی کی علمی ادبی خدمات" کے ایک باب کا پھیلاؤ ہے جو بتدریج تفصیل اور تہذیب وترتیب کے بعد پہلے مجلّہ ترجمان الاسلام بنارس میں بالاقساط شائع ہوا اور اب کتابی صورت میں جلوہ گر ہے۔

اس مقالہ/کتاب میں بجائے خود اتنے علماء، فضلاء اور محققین کی آراء، تبصرے اور استدراکات شامل ہیں کہ موجودہ کتاب میں مزید تبصرہ کی حاجت نہیں البتہ قارئین کے لئے تعارف کی غرض سے کچھ تفصیل کافی ہوگی۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com


# رُوح افزا

مشروبِ مشرق

جب چھوٹی چھوٹی باتیں کر دیں موڈ خراب
اور آنے لگے غصہ ایسے میں رُوح افزا
مزاج میں لائے ٹھنڈک اور مٹھاس۔

**پیو ٹھنڈا ٹھنڈا،**
**بولو میٹھا میٹھا!**






ہمدرد

SGS

ہمدرد لیبارٹریز (وقف) پاکستان


ISO 9001: 2000 CERTIFIED

www.hamdard.com.pk

Blitz DDB


© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com




© rasailojaraid.com